Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ محرم الحرام ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۱ ستمبر ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱	رخصت رعایتی محمد فیاض خان افسر کارخانہ جات	۱
۲	رخصت سید ناظر الحسن ہوش بلگرامی ممبر بورڈ آف اوٹ	۲
۳	منسوخی رخصت منظور شدہ سید ناظر الحسن ہوش بلگرامی ممبر بورڈ آف ریونیو	۲
۴	نسبت اندراج امور متعلقہ طلب بہ تجویز زیر مقدمہ	"
۵	متعلق اختیارات [illegible] وابستہ	"
۶	نسبت انتظام کو متعلق فیاض علی خان صاحب جاگیردار	"
۷	نقشہ بارش روزنامہ [illegible]	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۳ اگست ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ پرائیوٹ سکریٹری بہادر تین ماہ کی رخصت رعایتی محمد فیاض خان افسر کارخانہ جات منظور ہوئی۔

رخصت

یکم ستمبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب فنانشل سکریٹری بہادر رخصت یک ماہ سید ناظر الحسن ہوش بلگرامی

ممبر بورڈ آف آڈٹ منظور فرمائی گئی۔

منسوخی

حسب رپورٹ صاحب فنانشل سکریٹری بہادر رخصت منظور شدہ سید ناظر حسن ہوش بلگرامی ممبر بورڈ منسوخ فرمائی گئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

چند مقدمات تحصیل سوار کی اور ایک تحصیل ملک کا حال مین بصیغہ اپیل پیش ہوا ہے جنکی تجاویز مین امور تنقیح طلب عدالتہائے ماتحت نے درج نہین کیے ہین حالانکہ تجویز مین بالتصریح امور تنقیح کا درج ہونا اور ہر امر کی تجویز جداگانہ کی ضرورت ہے اکثر عدالتہائے ماتحت تجویز فیصلہ کے وقت علاقہ قدیم مین پابندی دفعہ ۱۲۱ و ۳۴ دستور عاملہ اور علاقہ جدید مین آرڈر (۲۰) قاعدہ ۴ ۔ و قاعدہ ۵ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۱۹۰۸ء کے مطابق کاربند نہین ہوتے ہین جسکی وجہ سے عدالت اپیل کو وقت سماعت فیصلہ سمجھنے مین دقت ہوتی ہے اور اپیل کرنیوالونکو موجبات اپیل کے تحریر کے وقت گنجلکین پیدا ہوتی ہین اور اسی بے ضابطگی پر وہ معترض ہوتے ہین اسلیے جملہ عدالتہائے ماتحت ریونیو ڈپارٹمنٹ کیلیے یہ امر قابل ہدایت ہے کہ ہر مقدمہ کی تجویز مین امور تنقیح طلب درج ہونا چاہئین اور ہر امر کی تجویز جداگانہ قلمبند ہونا چاہیے۔ یادداشت ہذا بغرض صدور حکم منظوری و اجرای احکام و اندراج گزٹ باجلاس اعلےٰ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر پیش ہوئے۔ ۳۱ جولائی ۱۹۲۲ء

نقل حکم اجلاس ہذا

چند امثلہ آمدہ نوٹ ناظم صاحب مورخہ ۳۱ جولائی ۱۹۲۲ء ملاحظہ ہوئین جسقدر مثلین اور کاغذات کے ساتھ منفصلہ تحصیل سوار موصول ہوئے ہین اُنسے صاف ظاہر ہے کہ فیصلہ تنقیح وار نہین ہوا۔ چاہیے کہ ہر فیصلہ مین ہر ہر تنقیح کو تذکرہ مین لاکر ہر تنقیح کو فیصل کیا جائے۔ محض یہ تذکرہ کر دینا کہ تنقیحات قایم ہو کر ثبوت و تردید طلب ہوئے ناکافی ہونگے لہذا حسب رپورٹ ناظم صاحب احکام عام ہدایتی جہت تحصیل جملہ عدالتہائے مال مع نوٹ نظامت جاری ہون مع حکم ہذا درج گزٹ ہو۔ امثلہ واپس ہون۔ ۱۲ اگست ۱۹۲۲ء

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بعد صدور حکم منظوری از اجلاس ہمایون حسب دفعات ۵۹ و ۶۰ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء صاحب مہتمم بندوبست کو ذریعہ حکم ۱۸ مئی ۱۹۲۲ء اختیارات بندوبست عطا ہو چکے ہین جنکو وہ رقبہ زیر بندوبست مین یکم اکتوبر ۱۹۲۲ء سے عمل مین لا سکین گے۔

اب صاحب مہتمم بندوبست نے رپورٹ معروضہ ۲۳ اگست ۱۹۲۲ء مین دفعہ ۲۹ باب ۳ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء کے مطابق دفعہ ۸۸ کے اختیارات عمل مین لانیکی اجازت دیے جانیکی استدعا کی ہے۔ گو کہ ریاست مین سالانہ رجسٹرون و نقشوان و خسرونکی ترتیب کا تعلق صاحب مہتمم بندوبست ہی سے ہے لیکن اس رقبہ زیر بندوبست کے متعلق اختیارات باب ۳ جو بحیثیت کلکٹری ناظم صاحب ہی ابتک عمل مین لا رہے تھے۔ گو اختیارات نظامت بندوبست کو جبتک کہ یہ رقبہ زیر بندوبست رہے اُسوقت تک کے لیے منتقل کیا جانا منظور ہے ایک ایک نقل اسکی فائل بک اجلاس مین رہے۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ ۲۴ اگست ۱۹۲۲ء

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۴ اگست ۱۹۲۲ء

منشی فیاض علیخان پیشکار متعینہ اسسٹنٹی درجہ اول بوجہ علالت ۳ ستمبر سے چند ہفتہ کی رخصت چاہتے ہین اور اسسٹنٹ سرجن صاحب بہادر سفارش کرتے ہین صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کی رپورٹ ہے کہ تا زمانہ رخصت پیشکار مذکور کوئی دوسرا پیشکار بھیجا جائے چونکہ اس قلیل رخصت مین کوئی رد و بدل اسوقت نہین ہو سکتا اور نہ کوئی فالتو پیشکار موجود ہے کہ جسکو بھیجا جائے جیتی پرشاد اہلمد متعینہ اسسٹنٹی نے جتنے عرصہ تک پیشکاری کا کام کیا ہے اُس تا زمانہ رخصت پیشکار مذکور کام لیا جائیگا رخصت چند ہفتہ پیشکار کی منظور ہے جیتی پرشاد مذکور کو بابت کام پیشکاری دس روپیہ ماہوار کے حساب سے الاونس دیا جائیگا صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول رپورٹ کرین کسی اپرنٹس کی نسبت تاکہ اُسکا عارضی تقرر بغرض امداد کام اہلمد بتقرر الاونس کیا جائے۔ لہذا حکم ہو کہ حسب صراحت بالا فوراً احکام ضابطہ جاری ہون فقط

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۴ ستمبر لغایت ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۴ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم دوشنبہ	۴	۵۵۹	۳	۴۲۵	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۵	۶۰۷	۳	۵۱۰	۳	۴۹۰
۵ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم سہ شنبہ	۰	۵۵۹	۲	۴۲۷	//	۰	۰	۶۰۷	۰	۵۱۰	۲	۴۹۲
۶ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم چہارشنبہ	۰	۵۶۴	۰	۴۲۷	//	۰	۱۱	۶۱۸	۳	۵۱۳	۲	۴۹۴
۷ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم پنجشنبہ	-	۵۶۴	۵	۴۳۲	//	۰	۱۲	۶۳۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱	۴۹۵
۸ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم جمعہ	۱	۵۶۵	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	۰	۶۳۰	//	۰	۰	۴۷۵
۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم شنبہ	۰	۵۶۵	//	-	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۴ ستمبر لغایت ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

نام اجناس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				[illegible]			دیگر تحصیلوں سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص				[illegible]			
نخود [illegible]				[illegible]			
ماش				[illegible]			
مونگ				[illegible]			
[illegible]				[illegible]			
[illegible]				[illegible]			
[illegible]				[illegible]			
[illegible]				[illegible]			
ارہر				[illegible]			
برنج				[illegible]			
روغن زرد				[illegible]			
روغن سیاہ				[illegible]			
روغن [illegible]				[illegible]			
نمک سانبھر				[illegible]			
نمک لاہوری				[illegible]		/	
قند سیاہ				[illegible]			
گڑ				[illegible]			
باجرہ				[illegible]			